نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔ سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729,E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment Twitter:@agri_department

پریس ریلیز

سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو کی زیرِ صدارت صوبہ میں اگیتی کپاس کی کاشت بارے جائزہ اجلاس کا انعقاد

لاہور،29مارچ2025: کپاس کی فصل ملکی معیشت کے لئے ناگزیر ہے۔ یہ بات سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے صوبہ میں اگیتی کپاس کی کاشت بارے جائزہ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کہی۔ اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب نے کہا کہ کپاس کی اگیتی کاشت پر وزیر اعلیٰ پنجاب نے اڑھائی ارب روپے کا خصوصی مراعاتی پیکج کی منظوری دی ہے جس کے تحت 5 ایکڑ یا اُس سے زائد ملکیتی رقبہ پر اگیتی کپاس کی کاشت پر 25 ہزار روپے مالی اعانت کی جائے گی۔ مالی اعانت صرف کسان کارڈ کے ذریعے ہی فراہم کی جائے گی۔ انھوں نے مزید کہا کہ صوبہ پنجاب میں اگیتی کپاس کی کاشت کا ہدف 10 لاکھ ایکڑ مقرر کیا گیا ہے۔ اگیتی کپاس کے ٹارگٹ کے حصول کے لئے تمام ممکنہ وسائل و ذرائع کا موثر استعمال کیا جا رہا ہے۔ اب تک 7 لاکھ ایکڑ سے زائد رقبہ پر اگیتی کپاس کی کاشت مکمل ہو چکی ہے۔ کپاس کی اگیتی کاشت کا ہدف مقررہ مدت میں مکمل کر لیا جائے گا۔ تاریخ میں پہلی بار کپاس کی اگیتی کاشت کے لئے خصوصی مہم جاری ہے۔ خصوصی مہم کے ثمرات کے نتیجہ میں گزشتہ سال کی نسبت 3 گنا سے زائد رقبہ پر اگیتی کپاس کاشت ممکن ہوئی ہے۔ سیکرٹری زراعت پنجاب نے کہا کہ فیلڈ فارمیشنز کی ٹارگٹ کے حصول کے لئے جاری عملی سرگرمیاں قابلِ ستائش ہیں۔ اجلاس میں ایڈیشنل سیکرٹری زراعت ٹاسک فورس پنجاب محمد شبیر احمد خان، ڈائریکٹر جنرل زراعت نوید عصمت کاہلوں، چوہدری عبدالحمید، پراجیکٹ ڈائریکٹر ڈاکٹر محمد انجم علی و دیگر افسران نے شرکت کی۔

☆☆☆☆